منجانب: ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سرکل خانپور

بجانب: جناب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صاحب ہریپور

نمبر: 55/SK مورخہ 15/12/2022

**مضمون: محکمانہ انکوائری برخلاف کنسٹیبل نزاکت خان نمبر 796 متعینہ کک چوکی صوابی میرا ہریپور**

جناب عالی!

مشمولہ چارج شیٹ نمبری 492-93/HC مورخہ 29.11.2022 مجاریہ جناب DPO صاحب ہریپور برخلاف کنسٹیبل نزاکت خان نمبر 796 متعینہ کک چوکی صوابی میرا پر انکوائری ہو کر معروض ذیل ہوں کہ

**الزام:۔** بمطابق چارج شیٹ مذکورہ کنسٹیبل نزاکت خان نمبر 796 متعینہ کک چوکی صوابی میرا پر الزام ہے کہ اُس نے دوران تعیناتی بطور کک صوابی میرا اپنی جگہ 12 ہزار روپے ماہوار پر ایک پرائیوٹ شخص کو رکھا ہوا ہے اور خود چوکی نہیں آتا۔ جس پر اُسے چارج شیٹ متذکرہ بالا ایشو ہو کر بغرض انکوائری زیر دستخطی کو مارک ہوئی۔

**کاروائی:۔**

۱) بیان ازاں الزام علیہ معہ جواب چارج شیٹ

۲) سوالات و جوابات الزام علیہ

۳) فوٹوسٹیٹ کاپی سابقہ سروس ریکارڈ ازاں الزام علیہ

۴) بیان ازاں ندیم خان IHC انچارج چوکی صوابی میرا

۵) بیان ازاں یاسر خان LHC سابقہ محرر چوکی صوابی میرا حال MM تھانہ کوٹ

۶) بیان ازاں پھل پیر شاہ نمبر 655 متعینہ محرر چوکی صوابی میرا

۷) فوٹوسٹیٹ کاپیاں میڈیکل ریکارڈ ازاں والد الزام علیہ

**خلاصہ انکوائری:۔** انکوائری متذکرہ بالا موصول ہونے پر چارج شیٹ میں لگائے گئے الزام کی روشنی میں الزام علیہ کو مورخہ 08.12.2022 کے لیے دفتر زیر دستخطی طلب کیا گیا۔ جو حاضر ہوا جس نے جواب چارج شیٹ معہ فوٹو سٹیٹ کاپیاں میڈیکل ریکارڈ ازاں والد پیش کرتے ہوئے بیان کیا کہ عرصہ تقریباً 03 ماہ قبل اُسکے والد کو فالج کا اٹیک ہوا جس کی وجہ سے وہ مکمل طور پر پیرالائز (Paralyze) ہو گئے اور اُن کے ذہن و جسم نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ چونکہ وہ چوکی میں بطور کک تعینات ہے جس کو 24 گھنٹے چوکی میں موجود رہنا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اُس کی جانب سے والد صاحب کو ٹائم دینا اور اُن کا علاج معالجہ کروانا تقریباً ناممکن تھا۔ بدیں وجہ اُس نے اپنے ایک عزیز رشتہ دار کو اپنی جگہ پر

ڈیوٹی کے لیے رضامند کیا تاکہ چوکی کی میس ودیگر معاملات متاثر نہ ہوں اور وہ اپنے والد صاحب کا علاج معالجہ بھی کروا سکے۔ وہ عرصہ تقریباً 07 سال سے محکمہ پولیس میں ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے اور اس دوران اُس کے خلاف کبھی بھی کسی آفیسر یا ماتحت کی جانب سے کوئی شکایت نہیں کی گئی جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دی ہے۔ اُس نے اپنے والد صاحب کی بیماری کی وجہ سے ایسا کیا ہے اور والد صاحب کی بیماری کی وجہ سے مجبوری میں کچھ دنوں کے لیے اپنے ایک عزیز رشتہ دار کی مدد حاصل کرتے ہوئے اُسے رکھا اور اس دوران خود بھی چوکی میں آتا جاتا رہا ہے۔ جس نے والد کے میڈیکل ریکارڈ کی فوٹوسٹیٹ کاپیاں بھی پیش کیں جو لف ہمراہ مفصل قابل ملاحظہ ہے۔

الزام علیہ سے چارج شیٹ میں لگائے گئے الزام کی نسبت سوالات کیے جاکر اُن کے جوابات حاصل کیے گئے جو کہ لف ہمراہ مفصل قابل ملاحظہ ہے۔ جس نے بیان کیا کہ اُس کے والد صاحب شدید بیمار ہو گئے تھے جس وجہ سے اُس نے اپنے ایک عزیز رشتہ دار کو 5/6 یوم کے لیے چوکی میں چھوڑا اور وقتاً فوقتاً خود بھی چوکی آتا رہا اور اُس کے بعد خود ڈیوٹی پر چلا گیا اور اب چوکی میں ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ اُس نے اس نسبت اپنی مجبوری ظاہر کرتے ہوئے انچارج ومحرر چوکی کے نوٹس میں بھی لگایا۔

**بیان ازاں ندیم خان IHC انچارج چوکی صوابی میرا**

ندیم خان IHC نے بیان کیا کہ الزام علیہ مورخہ 18.10.2022 کو بطور کک چوکی میں تعینات ہوا ہے جو کچھ عرصہ اپنی ڈیوٹی باقاعدہ سرانجام دیتا رہا اور اسی دوران اُس نے اپنے والد صاحب کی بیماری کی وجہ سے اپنی جگہ ایک پرائیوٹ شخص کو بطور کک چوکی میں چھوڑا تاکہ میس جاری رہے جو مذکورہ اب واپس اپنی ڈیوٹی پر حاضر آچکا ہے اور احسن طریقہ سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔

**بیان ازاں یاسر خان LHC سابقہ محرر چوکی صوابی میرا حال MM تھانہ کوٹ**

یاسر خان LHC سابقہ محرر چوکی صوابی میرا نے بیان کیا کہ الزام علیہ بطور کک صوابی میرا تعینات ہے جسکے والد صاحب کافی عرصے سے بیمار ہیں جو اپنے والد صاحب کے علاج معالجہ ودیکھ بھال کے لیے چوکی سے گھر آتا جاتا رہا ہے اور اس دوران چوکی میں اپنے متبادل ایک پرائیویٹ شخص کو چوکی میں چھوڑا جس کی عدم موجودگی میں پرائیویٹ کک نفری کو کھانا بروقت تیار کرکے دیتا رہا اور چوکی کی میس کو فعال رکھا جس کی وجہ سے نفری کو کسی قسم کی مشکلات پیش نہ آئیں۔

**بیان ازاں پھل پیر شاہ نمبر 655 متعینہ محرر چوکی صوابی میرا**

پھل پیر شاہ محرر چوکی صوابی میرا نے بیان کیا کہ وہ مورخہ 04.12.2022 کو بطور محرر چوکی صوابی میرا تعینات ہوا ہے جو کک کنسٹیبل نزاکت چوکی میں اپنی ڈیوٹی پر موجود پایا گیا ہے۔

الزام علیہ کی نسبت اُس کا سابقہ سروس ریکارڈ حاصل کیا جا کر لف ہمراہ مفصل قابل ملاحظہ ہے۔ جس سے پایا گیا ہے کہ الزام علیہ سال 2015ء میں محکمہ پولیس میں بطور کنسٹیبل بھرتی ہو کر مختلف تھانہ جات و چوکیات و دیگر افسران کے ساتھ بطور GD و کک تعینات رہ چکا ہے۔

**فائنڈنگ:۔** انکوائری، بیان الزام علیہ و جواب چارج شیٹ و ذاتی شنوائی، بیانات انچارج و محرر چوکی و دیگر ریکارڈ سے پایا گیا کہ الزام علیہ عرصہ تقریباً 02 ماہ قبل بطور کک تھانہ صدر تعینات ہوا۔ جو اپنی ڈیوٹی پر موجود تھا کہ اسی دوران اُس کے والد صاحب کو فالج کا اٹیک ہوا اور وہ مکمل طور پر پیرالائز (Paralyze) ہو گئے۔ چونکہ الزام علیہ بطور کک چوکی میں تعینات ہے اور چوکی میں میس فعال رکھنے کے لیے کک کو تقریباً 24 گھنٹے ہی چوکی میں موجود رہنا ہوتا ہے۔ الزام علیہ بھی چونکہ بطور کک تعینات تھا جو بدیں وجہ اپنے والد صاحب کا علاج معالجہ و دیکھ بھال نہیں کر سکتا تھا۔ جس نے اپنی جگہ پر اپنے ایک عزیز رشتہ دار کو چوکی میں 5/6 یوم کے لیے چھوڑا تا کہ چوکی کی میس فعال رہے اور اس دوران اپنے والد کی دیکھ بھال و علاج معالجہ بھی کرواتا رہا اور اُسکے بعد اپنی ڈیوٹی پر واپس آ گیا اور اب چوکی میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ اس بات کی انچارج و محرر چوکی بھی اپنے بیانات میں تائید کر چکے ہیں کہ الزام علیہ اپنے والد صاحب کی بیماری کی وجہ سے چوکی سے گھر آتا جاتا رہا ہے۔ چونکہ چوکی کی میس فعال تھی بدیں وجہ انچارج و محرر چوکی کی جانب سے اُس کے خلاف کوئی کمپلینٹ وغیرہ نہیں کی گئی۔ الزام علیہ مذکورہ اب اپنی ڈیوٹی پر واپس آ چکا ہے اور اپنی ڈیوٹی احسن طریقہ سے سرانجام دے رہا ہے۔

الزام علیہ مذکورہ عرصہ تقریباً 07 سال سے محکمہ پولیس میں بطور کنسٹیبل بھرتی ہو کر مختلف تھانہ جات میں بطور GD و کک تعینات رہ چکا ہے۔ جس کی نسبت سروس ریکارڈ حاصل کیا جا کر لف قابل ملاحظہ ہے۔ الزام علیہ کی نسبت خفیہ طور پر بھی معلومات حاصل کی گئیں۔ جس سے ایسی کوئی بات سامنے نہیں آئی کہ جس سے یہ ثابت ہو کر مذکورہ نے قبل ازیں بھی اپنی جگہ کسی تھانہ و چوکی میں پرائیویٹ کک رکھا ہو۔

اسی طرح میڈیکل ریکارڈ والد الزام علیہ سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مذکورہ کا والد فالج کا مریض ہے اور اسی وجہ سے مکمل طور پر پیرالائز (Paralyze) ہے۔ الزام علیہ نے اپنے والد صاحب جو کہ ایک انتہائی Serious مریض تھے کی بیماری اور شدید مجبوری کی وجہ سے اپنی جگہ 5/6 یوم کیلئے اپنے ایک عزیز رشتہ دار کو چوکی میں چھوڑا تا کہ چوکی کی میس فعال رہے اور اس دوران گھر آتا جاتا رہا اور اپنے والد صاحب کی دیکھ بھال و علاج معالجہ کرواتا رہا ہے۔ جس کے بعد مذکورہ الزام علیہ اب واپس چوکی حاضر ہو چکا ہے اور اپنی ڈیوٹی احسن طریقہ سے سرانجام دے رہا ہے اور چوکی کی میس فعال ہے۔

الزام علیہ نے اپنے والد کی انتہائی Serious بیماری اور انتہائی مجبوری کی حالت میں اپنی جگہ 5/6 یوم کے لیے اپنے عزیز رشتہ دار کو چوکی میں چھوڑا اور اُس کے بعد خود اپنی ڈیوٹی پر واپس آ چکا ہے۔ اس میں الزام علیہ کی جانب سے دیدہ دانستہ طور پر کوئی غفلت / لاپرواہی نہیں پائی گئی۔ تاہم مذکورہ کو آئندہ محتاط رہنے کے لیے وارننگ کی سزا دیے جانے کی سفارش کی جاتی ہے۔

15/12/22

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس

سرکل خانپور

(02) years approved service forfeiture.

TWO.

6/1/23

# CHARGE SHEET

I, **Imran Shahid, (PSP)** District Police Officer, Haripur as the competent authority, hereby charge you **Nazakat No.796 (Cook Constable)** as enclosed statement of allegations.

(1) You appear to be guilty of misconduct under Khyber Pakhtunkhwa Police Efficiency and Discipline Rules 1975 (amended 2014) and have rendered yourself liable to all or any of the penalties specified in the said Rules.

(2) You are, therefore, required to submit your written defense within 07 days of the receipt of this charge sheet and statement of allegation to the Enquiry Officer as the case may be.

(3) Your written defense, if any, should reach the Enquiry Officer within the specified period, failing which it will be presumed that you have no defense to put in and, in that case, ex-parte action will follow against you.

(4) Intimate whether you desire to be heard in person or otherwise.

(5) A statement of allegations is enclosed.

**Imran Shahid, (PSP)**
District Police Officer
Haripur

# DISCIPLINARY ACTION

I, **Imran Shahid, (PSP)**, District Police Officer, Haripur as the competent authority is of the opinion that you **Nazakat No.796 (Cook Constable)** while posted at **PP Swabi Maira (PS Beer)** have rendered yourself liable to be proceeded against you as you have committed the following acts/omissions within the meanings of Khyber Pakhtunkhwa Police Efficiency and Discipline Rules 1975 (amended 2014).

**STATEMENT OF ALLEGATION**

*"It has been reported by SDPO Saddar vide his office memo No.486 dated 22.11.2022, that you have hired a private cook in PP Swabi Maira @ Rs.12000 per month for the purpose, you remain failed to discharge your official responsibilities in accordance with the law/rules. This tantamounts to gross misconduct and indiscipline on your part in terms of KPK Police E and D Rules 1975" (amended 2014).*

(2) For the purpose of scrutinizing the conduct of the said accused officer with reference to the above allegations, the following Enquiry officer is appointed to probe the charges.

**Mr. Jameel Ur Rehman (DSP/Khanpur)**

(3) The Enquiry Officer shall in accordance with the provisions of these Rules provide a reasonable opportunity of hearing to the accused, record findings, and make within 25 days of the receipt of this order, a recommendation as to punishment or the appropriate action against the accused.

(4) The accused and a well-conversant representative of the department shall attend the proceedings on the date, time and place fixed by the Enquiry Officer.

**Imran Shahid, (PSP)**
District Police Officer
Haripur

No: 4992-93/HC dated Haripur the 29/11/2022.

Copy of above is submitted to: -

1) Enquiry Officer for initiating proceedings against the said accused under Khyber Pakhtunkhwa Police Efficiency and Discipline Rules 1975 (amended 2014).
2) **Nazakat No.796 (Cook Constable)** with the direction to submit his defense within 7 days of the receipt of this statement of allegations and also to appear before the Enquiry Officer on the date, time and place fixed for the purpose of departmental proceedings.

District Police Officer
Haripur

بجانب سب ڈویژنل پولیس آفیسر صاحب سرکل صدر

بجانب جناب ضلعی پولیس آفیسر صاحب ہری پور

نمبر 486 مورخہ 22.11.2022

جناب عالی بحوالہ آمدہ حکم نمبر 64-6161 مورخہ 22-11-21 آمدہ جناب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صاحب ہری پور پر معروض ہوں کہ سرکل صدر میں تین تھانہ جات اور ایک پولیس چوکی ہے جن کی تفصیل زیل ہے۔

**01۔ تھانہ کھلابٹ** اسمیں کک سفارش نمبر 70 تعینات ہے اور میس فعال ہے۔ تھانہ میں ٹوٹل 35 پولیس افسران تعینات ہیں۔ جن میں 28 پر یونٹو سٹاف اور 07 افسران شعبہ تفتیش کے ہیں۔ جو شعبہ تفتیش والے پولیس افسران میس نہیں کھاتے بلکہ وہ خود ہنڈ والی کرتے ہیں

**02۔ تھانہ صدر** اسمیں کک سخاوت نمبر 690 مورخہ 22-08-22 کو تعینات ہوا ہے۔ یہ خود تھانہ نہیں آتا اس نے اپنی جگہ پر ایک مختیار نامی پرائیویٹ آدمی 500 روپے دیہاڑی پر رکھا ہوا ہے۔ جو بطور کک کام کرتا ہے۔ خود تھانہ میں تعیناتی کے بعد نہیں آیا۔ کل سے اسے معلوم ہو چکا ہے کہ کک کے بارے میں DPO صاحب رپورٹ مانگ رہے ہیں۔ کل مورخہ 22-11-21 سے تھانہ میں آمد ہوئی ہے۔

**03۔ تھانہ بیڑ** میں میس فعال ہے۔ مگر حالیہ دنوں میں کک کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔ نیا کوئی کک نہیں لگایا گیا۔

**04۔ چوکی صوابی میرا** میں نزاکت نمبر 796 کک تعینات ہے جو خود چوکی نہیں آتا اس نے ایک عظیم نامی پرائیویٹ کک رکھا ہوا ہے جس کو ماہانہ 12 ہزار روپے تنخواہ دے رہا ہے۔

سب ڈویژنل پولیس آفیسر
سرکل صدر

Pay stopped
Charge sheet
9/11/22

## جواب چارج شیٹ اذاں کانسٹیبل نزاکت خان بیلٹ نمبر 796 متعینہ تھانہ صدر ہری پور

جناب عالی:

بحوالہ چارج شیٹ نمبری چارج شیٹ نمبر HC/93-492 مورخہ 29.11.2022 کی نسبت معروض خدمت ہوں کہ میرے والد صاحب کو عرصہ تین ماہ قبل فالج کا اٹیک ہوا تھا جس کی وجہ سے والد صاحب مکمل طور پر پیرالائیز (Paralyze) ہو گئے۔ اور ان کے ذہن اور جسم نے کام کرنا چھوڑ دیا چونکہ ہم بھائی پولیس ڈیپارٹمنٹ میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔ کیونکہ کک کو چوکی میں 24 گھنٹے موجود رہنا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے والد صاحب کو ٹائم دینا اور ان کا علاج و معالجہ کروانا تقریباً ناممکن تھا ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے من ملازم نے اپنے عزیز رشتہ دار سے منت سماجت کر کے جگہ کچھ دنوں کے لیے ڈیوٹی کرنے پر رضامند کیا تھا۔ تاکہ تھانہ کے معملات متاثر نہ ہوں اور میرے والد کا علاج و معالجہ بھی ہوتا رہے۔

جناب عالی: بحثیت اولاد ہر انسان کا فرض ہے کہ مشکل وقت میں اپنے والدین کی خدمت کرے من سائل عرصہ 7 سال محکمہ پولیس میں اپنے فرائض بہتر طریقے سے سرانجام دے رہا ہے دوران ڈیوٹی کبھی کسی آفیسر یا ماتحت کی طرف سے کسی قسم کی شکایت نہیں کی گئی۔ جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ من ملازم نے اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دی ہے۔ اب چونکہ والد صاحب کی بیماری کی وجہ سے ان کے علاج و معالجہ کی زمہ داری میرے زمے ہے۔ میں نے جان بوجھ کر ایسا عمل نہیں کیا۔ جس کی وجہ سے محکمہ کا یا میرا کوئی نقصان ہو۔۔ بوجہ مجبوری کچھ دنوں کے لیے اپنے عزیز رشتہ دار سے مدد حاصل کی اور خود بھی چوکی ہذا میں آتا جاتا رہا ہے۔

استدعا ہے کہ من ملازم کی چارج شیٹ داخل دفتر فرمائی جائے من ملازم آپ کے لیے تاحیات دعا گو رہے گا۔ والد صاحب کے علاج کی تمام تر میڈیکل رپورٹس اور تفصیلات لف جواب ہذا ہیں۔

العارض

نزاکت خان

کانسٹیبل نزاکت خان 796 متعینہ چوکی صوابی میرا ہری پور

بیان ازاں نزاکت خان کنسٹیبل نمبر 796 متعینہ چوکی ہموالی بیرا حلفاً بیانی

کیونکہ میں نے جو جواب چارج شیٹ کا دیا ہے وہ ہی میرا بیان ہے

جو درست ہے

ال ہ ک کنسٹیبل نزاکت خان نمبر 796 متعینہ چوکی ہموالی بیرا

8/12/22

0347-9541019

نزاکت خان

# سوالات جوابات گل نزاکت

سوال :- آپ کا کتنا عرصہ چوکی حوالی ایریا میں ہوا ہے؟

جواب :- تقریباً 2 ماہ ہوئے ہیں میں چوکی حوالی ایریا میں گیا ہوں

نزاکت خان

سوال :- کتنے عرصے سے پرائیویٹ کو رکھا ہوا ہے؟

جواب :- میرے والد صاحب سخت بیمار ہو گئے تھے جس وجہ سے میں نے اپنے ایک رشتے دار کو صرف 5/6 یوم کیلئے چھوڑا اور خود والد صاحب کو علاج معالجہ کیلئے ہسپتال لے کر گیا جو 5/6 یوم کے بعد مذکورہ شخص کو میں نے چھوڑ دیا اور خود اپنی ڈیوٹی پر چلا گیا اور اب چوکی میں ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہوں۔ نزاکت خان

سوال :- آپ نے پرائیویٹ شخص کو شفٹ کس کے نوٹس میں لگایا تھا؟

جواب :- میں نے اپنے والد کی بیماری کی وجہ سے انچارج صاحب چوکی اور افسر کے نوٹس میں لگایا تاکہ چوکی کی ڈیوٹی میں متاثر نہ ہو اور والد صاحب کو علاج معالجہ کیلئے لے کر گیا جو 5/6 یوم بعد خود اپنی ڈیوٹی پر چلا گیا۔

نزاکت خان